ALMOIZ
INDUSTRIES LIMITED

# پائیداری کی پالیسی

المعز انڈسٹریز لمیٹڈ کی انتظامیہ نے کمپنی کے اہداف کے حصول کے لئے ماحولیاتی، سماجی اور اقتصادی حالات کو مد نظر رکھتے ہوئے اور پائیدار کاروباری ترقی کی راہ پر گامزن کرنے والے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے ملز اور فارمز دونوں کے لیے ہدایات قائم کی ہیں۔

- **پائیداری** کو اعلیٰ معیار کی کارکردگی، قدرتی وسائل کے تحفظ اور ماحولیاتی سالمیت کے قیام کے ذریعے یقینی بنایا جاتا ہے۔
- **امتیازی سلوک** بشمول رنگ، نسل، عمر، جنس، مذہب، زبان، معذوری یا خاندانی حیثیت کی بنا پر غیر منصفانہ رویہ سختی سے ممنوع ہے۔
- **جبری مشقت** ممنوع ہے جہاں لوگوں کو ان کی مرضی کے خلاف غربت، حراست یا تشدد میں ملازمت دی جاتی ہے، جس میں انہیں یا ان کے اہل خانہ کو موت کی دھمکیاں دینا بھی شامل ہیں۔
- **بائیوڈائیورسٹی** یقینی بنانے کے لیے مختلف حیاتیات کے مابین ایک خاص تناسب قائم رکھنا عام طور پر اہم اور مطلوب سمجھا جاتا ہے۔
- **ماحولیاتی سہولیات** کو ان مثبت فوائد کے لیے محفوظ کیا جاتا ہے جو کہ جنگلی حیات اور ماحولیات کے ذریعے لوگوں کو مہیا کیے جاتے ہیں۔ فوائد براہ راست، بالواسطہ، چھوٹے یا بڑے ہو سکتے ہیں۔
- **ہائی کنزرویشن ویلیو** [ایچ سی وی] والے علاقوں کو زرعی زمین یا مل کی توسیع کرتے وقت خاص ترجیح دی جاتی ہے۔ ایچ سی وی کی چند اقسام بائیو ڈائیورسٹی، لینڈ سکیپ ماحولیات، ماحولیاتی نظام و رہائش گاہیں، ماحولیاتی سہولیات، کمیونٹی کی ضروریات اور ثقافتی اقدار ہیں۔

## ہمارے اصول:

- **کامیاب مستقبل کے لیے معاشرہ:** کمیونٹی میں سرمایہ کاری؛ پائیداری کے بارے میں آگاہی اور ہنر کو فروغ دینا؛ اور کام کرنے کے لیے ایک صحت افزاء اور محفوظ جگہ بنانا۔
- **کامیاب مستقبل والا ماحول:** کم کاربن والی معیشت کی حمایت؛ ماحولیات کے احترام کو فروغ دینا؛ اور ماحولیاتی نظام کی حفاظت اور بہتری۔
- **ایک ذمہ دار کاروبار:** مضبوط حکمرانی کے ساتھ پائیدار اقتصادی ترقی کی حمایت؛ مستقبل کی نسل کی کاروباری ضروریات پر سمجھوتہ کیے بغیر مقامی خدمات فراہم کرنے کی ذمہ داری اور اہمیت کو تسلیم کرنا۔

ALMOIZ
INDUSTRIES LIMITED

## ہماری حکمت عملی:

- قومی و بین الاقوامی قابل اطلاق قوانین اور قانون سازی کی تعمیل، اخلاقی طرز عمل کو یقینی بنانا،
- امتیازی سلوک، چائلڈ لیبر، جبری مشقت، ہراسانی، بدسلوکی، جسمانی سزا، اور غیر قانونی سرگرمیوں کی حوصلہ شکنی،
- انسداد بدعنوانی یا رشوت ستانی کے اخلاقی نظام کا نفاذ۔ منی لانڈرنگ اور انسانی سمگلنگ جیسے غیر اخلاقی طریقوں کی حوصلہ شکنی،
- اسٹیک ہولڈرز کی ضروریات اور توقعات کو سمجھنا اور متعلقہ مصروفیات میں آزاد، پیشگی اور باخبر رضامندی (ایف پی آئی سی) کو یقینی بنانا،
- زمین اور پانی کے حقوق، کمیونٹی کی شمولیت، اور مقامی لوگوں کے حقوق کو یقینی بنانا، پانی اور توانائی کے انتظام اور ٹیکنالوجی کو بہتر بنانا،
- متعلقہ خطرات سے نمٹنے کے ذریعے آب وہوا کی تبدیلی کو کنٹرول کرنے کے لئے اقدامات کرنا،
- تنوع اور مساوات کو بہتر بنا کر مختلف مہارتوں اور خدمات کی قدر کرنا؛ ہر قسم کے لوگوں کے لئے مواقع فراہم کرنا،
- ایچ سی وی، بائیوڈائیورسٹی، ماحولیاتی نظام کی خدمات، انسانی صحت اور فلاح وبہبود کو برقرار رکھنا،
- ملز اور فارمز میں فرائض انجام دینے والے کارکنوں کی پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت کو یقینی بنانا،
- سپلائرز اور وسائل کی تاثیر اور استحکام کو یقینی بنانا، ان کی کارکردگی کی نگرانی کرنا، اور متعین مقاصد واہداف کی کارکردگی کی نگرانی کرنا۔

## ہمارا عزم:

ہم اپنی کاروباری حکمت عملی میں پائیداری کو مضبوطی سے شامل کررہے ہیں اور اسے مارکیٹ کی قیادت، آپریشنز اور خدمات کے ذریعے چلا رہے ہیں۔ ہم نہ صرف اپنی پائیدار کارکردگی کو بڑھانے کے لئے پرعزم ہیں بلکہ اپنے اسٹیک ہولڈرز کو بھی یہی ترغیب دیتے ہیں۔

سلمان شہریار

چیف آپریٹنگ آفیسر